رسالہ دانش مندی تصنیف: شاہ ولی اللہ دہلوی - ترجمہ: مولانا سید ظہیر الدین احمد۔ مقدمہ و تعلیقات از پروفیسر سید محمد سلیم - ناشر: ادارہ تعلیمی تحقیق، تنظیم اساتذہ پاکستان - ۸۔ اے ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور۔ قیمت: ۴۰/- روپے۔

یہ رسالہ دراصل اسلامی تعلیم کے سلسلے میں طریق تدریس کی رہنمائی کرتا ہے۔ شاہ صاحب جس دورِ انحطاط میں پیدا ہوئے اور جو تفرقہ اور بدعتیں اور جہالتیں انہوں نے دیکھیں، ان کی وجہ سے جوش تجدید ان کے اندر پیدا ہوا - اس کو بنائے گفتگو بنا کر یہ واضح کیا گیا ہے کہ شاہ صاحب تعلیم کے شعبہ میں کیا تبدیلی چاہتے تھے - انہوں نے ایک مختصر اور آسان نصابِ تعلیم تجویز کیا - پھر اصل زور طریق تدریس پر ہے، اور طریقہ ہائے تدریس کی ایسی اقسام بیان کی ہیں کہ چشم بصیرت ممنونِ احسان ہو کر رہ جاتی ہے - تدریسی یا نصابی کتابوں کے لکھنے کے لیے بھی کچھ اصول اس رسالے میں ملیں گے۔

ہمقدم ڈائری ۱۹۸۷ء پیش کش: ادارہ مطبوعات طلبہ۔ نمبر ۱، ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور

نوجوانوں کی مرتب کردہ اس ڈائری کی متعدد رنگوں میں بڑی خوشنما ڈیزائننگ کی گئی ہے۔ شروع میں ضروری دعائیں اور اذکار ہیں - اپنی اصلاح آپ کے عنوان سے تعبدی اور دعوتی سرگرمیوں اور اپنے مطالعہ کے متعلق خود احتسابی کے لیے ماہ بہ ماہ اندراجات کرنے کو چند صفحات خاص کر دیئے گئے ہیں - صفحات کے اوپر کسی آیت یا حدیث کا ترجمہ درج ہے - آخر میں پتوں اور ٹیلیفون نمبروں کے اندراجات کے لیے چند صفحے ہیں - شروع میں اسلامی جمعیت طلبہ کی سال بہ سال سرگرمیوں کا خلاصہ درج کیا گیا ہے، نیز جمعیت کے شہداء کی فہرست کے علاوہ کچھ اور معلومات بھی دی گئی ہیں - جلد بہت اچھی اور اس پر سنہری چھپائی۔

ماہنامہ: دائرے مدیر حسنین کاظمی - شائع کردہ: رائیڈرز پبلی کیشن، شاہین چیمبرز، ۴ کمرشل ایریا، بلاک ۷/۸ کے سی ایچ ایس کراچی - قیمت فی شمارہ: ۱۰/- روپے سالانہ ۱۱۰/- روپے

یہ خالص ادبی و تحقیقی رسالہ ہے جس کا پہلا شمارہ (جنوری ۱۹۸۷ء) ہمارے سامنے ہے - افسانے

میں دیومالا (حیات اللہ انصاری)، بستی ایک مطالعہ (ڈاکٹر عبدالسلام) کے علاوہ ڈاکٹر نیر مسعود، آفاق صدیقی، مشرف احمد (موضوع: شوکت صدیقی)، ڈاکٹر انصار زاہد (جوگندر پال "دردلادوا") ڈاکٹر سید ابوالخیر کشفی کے علاوہ دو تین اور نثر پارے اور کچھ نظمیں اور غزلیں ہیں۔ پڑھنے کے لیے مجموعی طور پر اچھی سطح کا دلکش مواد ہے۔

ایڈیٹر: سلطان رشک۔ پتہ: ۸۔ پی ایم اے ہاؤس، لیاقت روڈ،	ماہنامہ نیرنگِ خیال

راولپنڈی۔ چندہ سالانہ مع خاص نمبر ۱۵۰/- روپے۔

حکیم یوسف حسن کا مقام صحیفہ نگاری کی تاریخ میں بہت اونچا مقام رکھتا ہے۔ نیرنگ خیال اسی مرحوم ہستی کا تاسیس کردہ رسالہ ہے۔ جسے اب سلطان رشک اپنے چند بزرگوں اور دوستوں کے تعاون سے بڑی خوبی سے مرتب کر رہے ہیں۔ اس وقت ہمارے سامنے ستمبر ۱۹۸۶ء کا خاص نمبر ہے۔ جس کی ضخامت ۲ سو صفحات اور قیمت ۴۰/- روپے ہے۔ تحقیقی، مزاحیہ، افسانوی اور منظوم حصوں سے میں خوب لطف اندوز ہوا، مگر ترجمان القرآن کے صفحات میں اب گنجائش نہیں ہے کہ تفصیل سے کچھ کہہ سکوں۔

مختصر یہ کہ یہ ادبی رسائل میں ایک ممتاز مجلہ ہے۔

مدیرہ: شگفتہ بانو۔ بہ اہتمام تنظیم اساتذہ پاکستان (خواتین)	مجلہ: شعاع

پتہ: جمعیت الفلاح، اکبر روڈ، کراچی صدر۔ زرِ تعاون: ۱۰/- روپے

بڑی مسرت کی بات ہے کہ محبتِ اسلام خواتین اساتذہ کی تنظیم نے یہ مجلہ شروع کیا ہے اور اس کا جو شمارہ (۲) سامنے ہے، وہ اچھی اچھی نگارشات پر مشتمل ہے، جن کے لکھنے میں خواتین کا حصہ زیادہ ہے۔ سرورق رنگین ہے مگر سادہ۔ طباعتی معیار کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔